لیگ اسپنر ابرار احمد پہلے ٹیسٹ سے باہر

- آف اسپنر ساجد خان آسٹریلیا طلب

پرتھ 10 دسمبر، 2023ء:

لیگ اسپنر ابرار احمد آسٹریلیا کے خلاف پہلے ٹیسٹ سے باہر ہوگئے ہیں جو 14 دسمبر سے پرتھ میں شروع ہوگا۔

ابرار احمد نے پرائم منسٹر الیون کے خلاف چار روزہ میچ میں دائیں گھٹنے کے قریب پیر میں شدید درد کی شکایت کی تھی اور انہیں میدان سے باہر جانا پڑا تھا۔ میڈیکل ٹیم نے ان کا معائنہ کیا تھا جس کے بعد اسی روز ان کا ایم آر آئی اسکین کرایا گیا تھا۔

ابرار احمد کا پرتھ میں پیر کے روز ان کا معائنہ کرنے کے بعد میڈیکل ٹیم کی نگرانی ری ہیبلیٹیشن جاری رہے گا تاکہ ان کی ریکوری ہوسکے۔

ابرار احمد ابھی تک ٹیسٹ سیریز سے باہر نہیں ہوئے ہیں لیکن ان کی کنڈیشن کو ذہن میں رکھتے ہوئے دوسرے ٹیسٹ سے قبل ان کی اس دورے کے لیے دستیابی کے بارے میں مزید تعین کیا جائے گا۔

دریں اثنا چیف سلیکٹر وہاب ریاض نے ٹیم منیجمنٹ کی درخواست پر آف اسپنر ساجد خان کے نام کی منظوری دی ہے جو سفری دستاویز مکمل ہونے کے بعد پرتھ روانہ ہونگے۔

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial